**فوری ریلیز کے لیے:** 31/8/2022 ***KATHY HOCHUL گورنر***

## گورنر HOCHUL نے نیویارک ریاست بھر میں پانی کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس کو فنڈ کرنے کے لیے $232 ملین کا اعلان کیا ہے

***لانگ آئی لینڈ، مڈ ہڈسن، موہوک ویلی، شمالی ملک اور مغربی نیویارک کے علاقوں میں واقع پروجیکٹس***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ پینے کے پانی اور سیوریج کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس کے لیے سات میونسپلٹیوں کو $232 ملین دیئے جائیں گے جو صحتِ عامہ اور ماحول کو محفوظ بنانے کے لیے اہم ہیں۔ NYS ماحولیاتی سہولیات کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز ( Environmental Facilities Corporation Board of Directors) کی جانب سے منظور شدہ سابقہ اعلان کردہ گرانٹس اور کم لاگت والے مالیاتی پیکیجز پانی کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس میں معاونت کریں گے جو مجموعی طور پر $763 ملین سے زیادہ ہیں۔

"اب تک بہت ساری کمیونٹیز میں، پانی کے اہم بنیادی ڈھانچے کو خراب ہونے کے لیے نظر انداز کر دیا گیا ہے، لیکن یہاں نیویارک میں ہم نیویارک کے شہریوں کی صحت اور بہبود کے تحفظ کے لیے اقدامات کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "گندے پانی کی صفائی اور سرکاری پانی کے نظاموں کے لیے $232 ملین کی بنیادی ڈھانچے کی اس سرمایہ کاری سے مقامی حکومت میں ہمارے شرکاء کو پانی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے لیے خاطر خواہ سرمایہ کاری کرنے میں مدد ملے گی اور ریاست کے اس عزم کو مزید تقویت ملے گی کہ پانی کے معیار کو آج اور مستقبل بعید میں بہتر بنایا جائے - تاکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک زیادہ صحت مند، زیادہ ترقی یافتہ نیویارک وجود میں آئے۔"

بورڈ کی جانب سے منظور شدہ مالیاتی معاونت میں قلیل مدتی مالیاتی امداد اور سابقہ اعلان کردہ گرانٹس شامل ہیں جو کہ اہم پروجیکٹس کے لیے آغاز کرنے میں مدد دینے کے لیے مقامی حکومتوں کو سرمایہ فراہم کریں گی۔ بورڈ نے مختلف طویل مدتی مالیاتی تبادلوں کی منظوری بھی دی ہے جو مکمل شدہ پروجیکٹس کے لیے سود کی چھوٹ فراہم کرتے ہیں اور میونسپلٹیوں کے لیے قرضے کو کم کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

آج اعلان کردہ پروجیکٹ کی فنڈنگ میں سے، تقریباً $200 ملین بلاسود فنانسنگ کی منظوری، لانگ آئی لینڈ میں گندے پانی کی صفائی کے پلانٹ کے تین پروجیکٹس کے لیے دی گئی ہے جو پائیداری اور پانی کے معیار کو بہتر بنائیں گے۔

بورڈ کی منظوریوں میں کلین واٹر سٹیٹ ریوالونگ فنڈ (Clean Water State Revolving Fund) اور ڈرنکنگ واٹر سٹیٹ ریوالونگ فنڈ (Drinking Water State Revolving Fund, DWSRF) کے ذریعے فنانسنگ اور واٹر انفراسٹرکچر امپروومنٹ (Water Infrastructure Improvement, WIIA) پروگرام کے مطابق سابقہ اعلان کردہ گرانٹس شامل ہیں۔ پانی کے بنیادی ڈھانچے کی فنڈنگ کے مواقع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے EFC کی ویب سائٹ پر جائیں۔

**ماحولیاتی سہولیات کی کارپوریشن کی صدر اور CEO Maureen A. Coleman نے کہا،** " نیویارک ریاست کی بڑی اور چھوٹی کمیونٹیز کے لیے صاف پانی اور پینے کے پانی کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس مشکل مالیاتی کام

ہو سکتے ہیں تاہم یہ نیویارک کے شہریوں کی صحت اور سلامتی کے لیے بہت اہم ہیں۔ EFC کو اس بات کی خوشی ہے کہ EFC بورڈ کی طرف سے آج منظور شدہ کم لاگت کی سرمایہ کاری اور گرانٹس سستے طریقے سے ایسے پروجیکٹس بنانے میں سات مقامی حکومتوں کی مدد کریں گی جو آنے والے سالوں تک پانی کے معیار کو محفوظ بنائیں گے۔ EFC نیویارک کی بے مثل معاونت میں گورنر Hochul کی قیادت کے لیے ان کی شکرگزار ہے تاکہ پانی کے معیار کو بہتر بنانے میں کمیونٹیز کی مدد کی جا سکے، جیسا کہ ریاستی واٹر گرانٹس میں 225$ ملین کی دستیابی کے اُن کے حالیہ اعلان سے اس بات کی عکاسی ہوتی ہے۔ EFC مقامی حکومتوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہے کہ فنڈنگ کے اس موقع سے فائدہ اٹھائیں اور 9 ستمبر کی آخری تاریخ سے پہلے EFC کو درخواستیں جمع کروا دیں۔"

**نیویارک ریاست کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (New York State Department of Environmental Conservation) کے کمشنر اور EFC بورڈ کے صدر Basil Seggos نے کہا،** "پانی کے معیار کو بہتر بنانے، رہائشی ماحول کو بہتر بنانے، اور ہماری کمیونٹیز کو خوشحال بنانے کے لیے نیویارک میں پانی کے پرانے بنیادی ڈھانچے کو اپ گریڈ کرنا ضروری ہے۔ آج گورنر Hochul کی جانب سے اعلان کردہ فنڈنگ اور مالیاتی سرمایہ کاری پروجیکٹس کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گی، جیسے کہ ایک اہم بے پارک کنوینس پروجیکٹ میں نساؤ کاؤنٹی کے ساتھ DEC کی شراکت داری، تاکہ وہ ساحلی کمیونٹیز کی حفاظت کے لیے، پانی کی آلودگی کو روکنے، اور پینے کے صاف پانی کو یقینی بنانے کے لیے طویل مدتی فوائد فراہم کر سکیں۔"

**صحت کی ریاستی کمشنر Dr. Mary T. Bassett نے کہا،** "گورنر Hochul اس بات کو سمجھتی ہیں کہ صاف ماحول کو یقینی بنانے اور آنے والے کئی سالوں تک تمام رہائشیوں کی صحت عامہ کے تحفظ کے لیے پانی کے بنیادی ڈھانچے میں ایک اہم سرمایہ کاری کرنا ضروری ہے۔ صحت کا ریاستی محکمہ ماحولیاتی سہولیات کی کارپوریشن اور محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے ساتھ مل کر مسلسل مصروفِ عمل ہے تاکہ مقامی ایجنسیوں کو نیویارک ریاست کے پانی کے معیارات کو مستقل طور پر برقرار رکھنے کو یقینی بنانے کے لیے رہنمائی اور مدد فراہم کی جا سکے۔"

**ریاستی محکمے کے سیکرٹری Robert J. Rodriguez نے کہا،** "گورنر Hochul کو احساس ہے کہ بنیادی ڈھانچے میں حکمتِ عملی سے کی گئی اس طرح کی سرمایہ کاری سے کمیونٹی کو پائیدار، طویل مدتی صحت اور تحرک کی بنیاد مہیا ہوتی ہے۔ پانی اور سیوریج کے بنیادی ڈھانچے میں یہ سرمایہ کاری صحت عامہ کی حفاظت، کمیونٹی کی ترقی میں معاونت اور معاشی خوشحالی کو فروغ دے کر نسلوں کے لیے منفعت پیش کرے گی۔"

**صاف پانی کے پروجیکٹ کے لیے منظور شدہ فنڈنگ**

- السٹر کاؤنٹی میں سٹی آف کنگسٹن - قلیل مدتی، بلا سود سرمایہ کاری کی مد میں 6,184,958$ اور گندے پانی کی صفائی کے پلانٹ کو اپ گریڈ کرنے کے لیے ایک 1,975,000$ WIIA گرانٹ۔
- نساؤ کاونٹی - قلیل مدتی، بلا سود سرمایہ کاری کی مد میں 47,500,000، قلیل مدتی، مارکیٹ ریٹ سرمایہ کاری کی مد میں 47,500,000$ اور طویل مدتی، بلا سود سرمایہ کاری کی مد میں 26,812,500$ تاکہ بے پارک سیویج ٹریٹمنٹ پلانٹ سے سیڈر کریک پانی کی آلودگی پر قابو پانے کے پلانٹ تک بہاؤ کے مؤثر راستوں کی منصوبہ بندی، ڈیزائن اور تعمیر کی جائے۔ یہ منصوبہ رینالڈز (Reynolds) چینل میں پائیداری، سیلاب کی تخفیف اور پانی کے معیار کو بہتر بنائے گا۔
- لوئیس کاؤنٹی میں ویلیج آف لوویل - خراب شدہ سینیٹری سیوروں کی بحالی اور طوفان کے پانی کی جمع و ترسیل کا نیا نظام نصب کرنے کے لیے طویل مدتی، بلا سود سرمایہ کاری کی مد میں 10,809,000$۔
- سافک کاؤنٹی - طویل مدتی، بلاسود سرمایہ کاری کی مد میں 81,624,796$ جس کے ذریعے برجن پوائنٹ کے گندے پانی کی صفائی کے پلانٹ سے لے کر گریٹ ساؤتھ بے (Great South Bay) کے نیچے جونز بیچ (Jones Beach) بیریئر آئی لینڈ تک پھیلے ہوئے اخراج کو تبدیل کیا جائے گا۔
- اونیڈا کاؤنٹی میں ویلیج آف ورنن - طویل مدتی، بلا سود سرمایہ کاری کی مد میں 5,212,500$ اور ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی بہتریوں کے ڈیزائن اور تعمیر کے لیے 750,000$ WIIA گرانٹ۔

**پینے کے پانی کے پروجیکٹ کے لیے منظور شدہ فنڈنگ**

- کیٹاروگس کاؤنٹی میں ویلیج آف جنوبی ڈیٹن - قلیل مدتی، بلا سود سرمایہ کاری کی مد میں $1,401,900، اور پینے کے پانی کے ریاستی گردشی فنڈ سے $1,823,100 گرانٹ جس کی مدد سے کنویں کے ذرائع میں بہتری، زمینی پانی کی صفائی میں بہتری، ٹریٹمنٹ ٹینک کی بحالی، تقریباً 4,200 فٹ طویل تقسیمی مینز کی تبدیلی اور تقریباً 250 پانی کے میٹرز کی تبدیلی کی جائے گی۔
- جیفرسن کاؤنٹی میں ویلیج آف فلاڈیلفیا - پانی کی صفائی کی عمارت کی تعمیر، زمینی پانی کے پیداواری کنویں، اور پانی کی بنیادی تنصیب کو جوڑنے اور بہتر بنانے کے لیے $683,400 WIIA گرانٹ۔

**9 ستمبر کو ریاستی واٹر گرانٹ کی درخواستیں واجب الادا ہیں**
EFC فی الحال واٹر انفراسٹرکچر امپرووومنٹ (WIIA) اور انٹر میونسپل گرانٹس ( Intermunicipal Grants, IMG) پروگرامز کے ذریعے دستیاب گرانٹس کی مد میں $225 ملین کے لیے درخواستیں قبول کر رہا ہے، [جیسا کہ جولائی میں گورنر Hochul کی جانب سے اعلان کیا گیا تھا]۔ گرانٹس کا یہ حالیہ ترین راؤنڈ مقامی حکومتوں کے لیے پانی کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاریوں کو زیادہ قابل استطاعت بنانے میں مسلسل مدد کرے گا اور صنعت کاری، انجینئرنگ، تعمیرات، پلانٹ آپریشنز اور متعلقہ صنعتی شعبہ جات میں ملازمتیں پیدا کرنے میں مدد دے گا۔ مقامی حکومتیں یہاں [efc.ny.gov/wiia] پر مزید جان سکتی ہیں اور درخواست دے سکتی ہیں۔ 9 ستمبر تک درخواستیں دی جا سکتی ہیں۔

**پانی کے معیار کے حوالے سے نیو یارک کا عزم**
نیو یارک صاف پانی کے تعمیری ڈھانچے کے منصوبوں میں سرمایہ کاریاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ گورنر Hochul کی قیادت میں، 23-2022 کا نافذ شدہ بجٹ تاریخی صاف پانی، صاف ہوا، اور گرین جابز ماحولیاتی بانڈ ایکٹ (Clean Water, Clean Air, and Green Jobs Environmental Bond Act) لینڈ مارک کے لیے کل $4.2 بلین کے لیے، اضافی $1.2 بلین کی منظوری دیتا ہے۔ یہ تاریخی اقدام جس پر ووٹرز اس سال میں آگے جا کر اظہار رائے کریں گے، پسماندہ کمیونٹیز میں کم از کم 35 فیصد سرمایہ کاری، اس کو 40 فیصد تک لے جانے کا ہدف لیے، کرنے کے ذریعے پانی کے پرانے ہوتے جا رہے تعمیری ڈھانچے کو اپ ڈیٹ کرے گا اور پانی کے معیار کی حفاظت کرے گا؛ ہوا کی آلودگی کو گھٹائے گا اور ماحول میں تبدیلی کرنے والے اخراجوں میں کمی کرے گا، کمیونٹیز کی شدید طوفانوں اور سیلابوں کا سامنا کرنے کی صلاحیت کو مضبوط کرے گا؛ کھلی جگہوں اور مقامی کھیتوں کو محفوظ کرے گا؛ اور مساوات کو یقینی بنائے گا۔

اس کے علاوہ، بجٹ میں صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کی فنڈنگ میں مزید $500 ملین شامل کیے گئے ہیں، جس سے ریاست کے صاف پانی کی کُل سرمایہ کاری 2017 سے 4.5 بلین ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔ اس میں ماحولیاتی تبدیلیوں کو کم کرنے اور موافقت کی کوششوں میں مدد کرنے، مستحکم زراعت کو فروغ دینے کے لیے زرعی وسائل کو بہتر بنانے، ہمارے آبی ذرائع کی حفاظت کرنے، تحفظ کی کوششوں کو آگے بڑھانے، اور نیویارک کے شہریوں کے لیے تفریحی مواقع فراہم کرنے کے لیے ماحولیاتی تحفظ کا $400 ملین کا ریکارڈ فنڈ بھی شامل ہے۔

**ماؤنٹ ورنون میں ماحولیاتی مساوات میں پیش رفت**
گورنر Hochul کی قیادت میں، ریاست نے [$150 ملین کی تاریخی سرمایہ کاری] اور ماؤنٹ ورنون کے میئر Shawyn Patterson-Howard اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو George Latimer کے ساتھ شراکت داری کر کے اس بات کا عزم کیا ہے کہ کئی دہائیوں سے شہر کو درپیش پانی کے بنیادی ڈھانچے اور صحت عامہ سے متعلق دیرینہ چیلنجوں سے نمٹا جائے۔ ماؤنٹ ورنون کی سٹی کونسل نے [اس ماہ کے آغاز میں ریاست کی جانب سے فنڈ شدہ ٹھیکوں کی مد میں $6 ملین] کی منظوری دی ہے، جو کہ سیوریج کی ترجیحی مرمت کا آغاز کرنے اور گندے پانی کے مستقبل کے پروجیکٹس کے لیے طویل مدتی منصوبہ بندی کرنے کے ضمن میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ گورنر کا دفتر برائے طوفان سے بحالی (Governor's Office of Storm Recovery) کی جانب سے جولائی میں اعلان کردہ [صحت مند گھرانے کے آزمائشی پروگرام] کے ذریعے شہر میں سیوریج اور پانی کے بنیادی ڈھانچے کے بحران سے متاثرہ ماؤنٹ ورنون کے رہائشیوں کی مدد کے لیے وفاقی فنڈنگ میں اضافی $3 ملین مختص کیے گئے تھے۔ دلچسپی رکھنے والے رہائشی مزید جاننے کے لیے [stormrecovery.ny.gov/mountvernon] پر جا سکتے ہیں۔

**صاف پانی کے شیڈز کی ضروریات کے سروے میں شرکت کے لیے مقامی حکومتوں کی حوصلہ افزائی**
EFC میونسپلٹیز کو انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (Environmental Protection Agency, EPA) کے کلین واٹر شیڈز نیڈز سروے میں شرکت کی ترغیب دے رہی ہے جس کو EFC نے نیو یارک میں 1 مارچ کو شروع کیا تھا۔ اس میں شرکت انتہائی اہم ہے کیونکہ یہ اس بات پر اثر انداز ہو سکتی ہے کہ نیویارک ریاست کے مستقبل کے صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس کے لیے کتنے وفاقی CWSRF ڈالرز مختص کیے جائیں گے۔
میونسپلٹیز سے کہا گیا ہے کہ وہ EPA کو جمع کروانے کے لیے اپنی کمیونٹی کے ضائع ہونے والے پانی کے تعمیری ڈھانچے کے حوالے سے اپنی ضروریات کو دستاویزی شکل دیں۔ دستاویزات جمع کروانے اور جمع کروانے میں معاونتی وسائل کے لیے https://efc.ny.gov/needs پر جائیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418